عرفان شریعت

کامل سہ حصص

مؤلفہ مجدد مائۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ

سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ لائل پور
ڈجکوٹ روڈ

NATIONAL BLOCK

مَنْ یُرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمدللّٰہ

کہ مجموعۂ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ متضمن نکات لطیفہ

محزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلٰحضرت مجدد ماتہ حاضرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ

مُسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سُنّی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

یہ محتاج ہاں ساتھ گیا۔

آپ جس کتاب کا ایک دفعہ مطالعہ فرما لیتے اس کے الفاظ و مضمون بمعہ صفحہ و سطر حفظ ہو جاتا حضرت محدث اعظم ہند کچھوچھوی نے خطبہ صدارت میں ارشاد فرمایا یہ چیز بعد میں پیش آتی تھی کہ تکمیل جواب کے لئے جزئیات فقہ کی تلاش میں جو لوگ تھک جاتے تو عرض کرتے تو آپ ان کو اسی وقت فرما دیتے کہ فلاں فلاں فتاویٰ کی جلد فلاں کے صفحہ فلاں کی سطر فلاں میں ان لفظوں کے ساتھ جزئیہ موجود ہے۔ جب آپ کی بتائی ہوئی کتب میں دیکھتے تو عبارت صفحہ سطر بالکل درست ہوتا نیز فرمایا مجھے اپنی شرارت یاد ہے کہ جان بوجھ کر اپنے جانے بوجھے جزئیات فقہ کو دریافت کرتا تو اعلیٰحضرت مسکرا کر بتا دیتے اور مزید حوالے عطا فرماتے صحیح صفحہ سطر و عبارت نوٹ کر لیتا کہ شاید کہیں صفحہ یا سطر یا عبارت کی لفظ لفظ کی بھول ہو جائے مگر یہ میری شریرانہ خواہش ہمیشہ ناکام رہی۔ نیز جیسے آپ ظاہری علمی سلطنت میں کمال حاصل کر چکے تھے اسی طرح آپ روحانی حکومت کے بھی بادشاہ تھے۔ آپ اور آپ کے والد صاحب جب سید آل احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہم کی خدمت میں بیعت ہونے کے لئے حاضر ہوئے تو حضرت نے آپ کو دیکھتے ہی فرمایا تشریف لائیے ہم تو کئی روز سے انتظار کر رہے ہیں۔ اور ان دونوں کو بیعت کر کے خلافت سے سرفراز فرمایا لوگوں نے تعجب کیا کہ آپ تو پہلے بہت مجاہدے اور ریاضتیں اور چلے کرواتے ہیں اور پھر خلافت دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا لوگ دل میلا کچیلا لاتے ہیں اور انہیں مجاہدے کی ضرورت ہے مگر یہ شفاف دل لے کر آئے ہیں اور انہیں صرف نسبت کی ضرورت تھی جو بیعت ہوتے ہی قائم ہو گئی اور تم احمد رضا کو کیا جانو مجھے پہلے اس بات کا فکر رہتا تھا کہ اگر خدا تعالیٰ نے پوچھے گا کہ اے آل احمد میرے پاس کیا لائے ہو تو کیا جواب دوں گا مگر اب یہ فکر بھی دور ہو گیا۔ اگر اللہ پوچھے گا تو میں احمد رضا کی ذات پیش کر دوں گا۔ حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوری کو خواب میں حضور غوث پاک کی زیارت ہوئی میاں صاحب نے عرض کیا حضور اس وقت دنیا میں آپ کا نائب کون ہے ارشاد فرمایا بریلی میں احمد رضا۔ بیداری کے بعد حضرت میاں صاحب جلوہ آرائے بریلی ہوئے اور حضور اعلیٰحضرت کی زیارت سے مشرف ہوئے واپس آکر فرمایا میں نے دیکھا کہ ایک پردہ ہے پیچھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بتاتے ہیں اور احمد رضا پڑھتے ہیں۔

حضرت ابوالمحامد سید محمد کچھوچھوی تحصیل ناگپور فرماتے ہیں میں اپنے مکان پر تھا اور بریلی شریف کے حالات سے بے خبر تھا میرے حضور شیخ المشائخ قدس سرہٗ العزیز وضو فرما رہے تھے کہ یکبارگی رونے لگے یہ بات کسی کی سمجھ میں نہ آئی